# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October-06 2023

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی رکن اور نوبل انعام یافتہ کے مشترکہ مضمون کی موقر رسالے میں اشاعت

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ اطلاقیات و بشریات میں ایسوسی ایٹ ڈاکٹر پربھاس مشرا کا نوبل انعام یافتہ ہستی پروفیسر سر کوتسیہ نوووسیلو کے ساتھ مشترکہ طور پر ایک مقالہ شائع ہوا ہے۔مقالے کا عنوان 'وان دی والس مٹریلس فار اوور کمنگ فنڈا مینٹل لمٹیشنس ان فوٹونک انٹیگرل سرکوٹری' ہے جو موقر رسالہ نانو لیٹرس جرنل میں چھپا ہوا ہے۔

سر نووسیلو روسی۔امریکی ماہر طبعیات ہی جنھیں گریفین پر ان کی بیش بہا خدمات کی وجہ سے سال دو ہزار دس میں نوبل انعام ملا تھا۔وہ سنگاپور کی نیشنل یونیورسٹی کے سینٹر فار ایڈوانسڈ ٹو ڈی مٹیریلز میں پروفیسر ہیں اور مانچیسٹر یونیورسٹی میں اسٹرونومی اور فزیکس اسکول کے لینگ ورتھی پروفیسر ہیں۔

ڈاکٹر مشرا فیکلٹی آف انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں قوانٹم مٹریلز اور ڈیوائس لباریٹری (قیو ایم ڈی لیب) میں گروپ لیڈر ہیں۔انھوں نے پروفیسر ایس۔ایس۔اسلام، فیکلٹی آف انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر نگرانی میں پی ایچ ڈی کی ہے۔ڈاکٹر مشرا نے نے بڑے بڑے عالمی اداروں میں مختلف حیثیتوں سے کام کیا ہے جن میں تائیوان کی نیشنل تسنگ ہوا یونیورسٹی (رسرچر)، سمارا اسٹیٹ ایرواسپیس یونیورسٹی، روس (سینئر سائنس داں) آئی ایم ڈی ای اے نینو سائنس، اسپین کے میڈرڈ میں (بطور تفتیش کار)، ماسکو انسٹی ٹیوٹ اینڈ فزیکس اینڈ ٹکنالوجی وغیرہ میں کام کیا ہے اور روس میں (سینئر رسرچر) کے بطور کام کیا ہے۔ڈاکٹر مشرا کا تحقیقی ریکارڈ شان دار ہے جس میں ستر سے زیادہ بین الاقوامی جرنلوں میں ان کے مضامین و مقالات شائع ہوئے ہیں، دو امریکی اور چار ہندوستانی منظور شدہ پیٹنٹ ہیں اور جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ایک ٹکنالوجی ڈولپ کی ہے وہ بھی ان کے تحقیق ریکارڈ میں شامل ہے۔ان کی تحقیق بنیادی طور پر قوانٹم مٹیریلز، آپٹو الیکٹرانکس، اور گیس سینسر سے متعلق ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی